سوال

(127) تشہد میں یہ دعا لازم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز میں حالت تشہد کے اندر کوئی دعا ضروری بھی ہے یا سب اختیاری ہیں کتاب وسنت کی رو سے واضح کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کے آخری تشہد میں چار چیزوں سے پناہ مانگنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے ہر کوئی آخری تشہد سے فارغ ہو تو وہ چار چیزوں سے اللہ کی پناہ پکڑے۔

(1) جہنم کے عذاب سے

(2) قبر کے عذاب سے

(3) زندگی اور موت کے فتنہ سے

(4) مسیح ودجال کے شر سے (صحیح مسلم کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ بحوالہ مشکوٰۃ 940)

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر نمازی کو آخری تشہد سے فارغ ہو کر یوں دعا کرنی چاہیے۔ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِن عَذَابِ جَهَنَّمَ ، وَمِن عَذَابِ الْقَبْرِ ، وَمِن فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ، وَمِن شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ اس کے بعد جو جی چاہے دعا مانگ لے جیسا کہ صحیح بخاری وغیرہ میں آپ کی حدیث ہے والیتخیر من الدعاء مما اعجبہ الیہ جو دعا پسند ہو وہ مانگ لیں۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصلوۃ، صفحہ:170

محدث فتویٰ